بہی گیا ہے کہ لاہو کے نزدیک مکانات (جنمین غالبًا بعض اوقاف بہی شامل ہونگی) کے نیلام کرنیکی تجویز ہے یہ خبر صحیح ہو تو اسمین بہی اس پولیٹیکل مسئلہ کے صریح خلاف پرزور اقدام پایا جاتا ہے گورنمنٹ کو مناسب ہے کہ اس تجویز کو فسخ کرے اور تالیف قلوب رعایا کے مقابلہ مین اس مالی منفعت قلیل کو جو ان مکانات کے فروخت سے متوقع ہے کچہہ وقعت نہ دے خصوصًا اسوقت اور ایسے موقع پر کہ اسمین تالیف قلوب کے برابر گورنمنٹ کا کوئی فرض نہین ہے بالفعل اسمین اس مطلب کو بطور نوٹ مختصر الفاظ مین ادا کیا ہے گورنمنٹ نے اسکی طرف کچہہ توجہ فرمائی تو آیندہ ہم اسکو مفصل بیان کرینگے۔ ان مختصر الفاظ کی تائید مضمون آیندہ مین بہی پائی جاتی ہے +

## تحریر مسٹر بلنٹ مؤید تجویز اشاعۃ السنہ نمبر ۱ جلد ۶ کا خلاصہ اور اسپر آخری رائے قایم نکرنیکی وجہ

ناظرین اشاعۃ السنہ نمبر ۹ جلد ۷ اسبات کے منتظر ہونگے کہ ہم نتایج و مقاصد تحریر مسٹر بلنٹ کی نسبت آخری رائے کیا قایم کرتے ہین اور بناءً علیہ مکہ مکرمہ مین حفظ و امن اہل حدیث کے لئے تجویز معروضہ نمبر ۱۱ جلد ۶ کے علاوہ کیا تجویز نکالتے ہین لیکن موجودہ پولیٹیکل حالات اور ملکی انقلابات ہمکو کوئی رائے قایم کرنے اور کوئی تجویز بتانے کی اجازت نہین دیتے لہذا بالفعل ہم اس مثل کو داخل دفتر کرتے ہین اور بجاے اس رائے و تجویز کے متفرق عبارات کتاب مسٹر بلنٹ کا خلاصہ مطالب اسمقام مین بیان کردیتے ہین پولیٹیکل حالات نے پلٹا کہایا تو اس رائے و تجویز کے اظہار کا موقع ملا تو ہم ان ہی مطالب کو اس رائے کی بنا قایم کرینگے اور اہل الرائے مسلمانون پر اس تجویز امن کا نقشہ کہینچ کر دینگے انشاء اللہ تعالی۔

وہ مطالب یہ ہین جو عبارات منقولہ نمبر ۳ و ۸ و ۹ مین پائے جاتے ہین (۱) مسلمانون کا خیال کہ گورنمنٹ انگلشیہ کے مخالف نہین بلکہ موافق ہے اور وہ گورنمنٹ کے سچے وفادار رعایا ہین (۲) گورنمنٹ انکے مذہبی امور مین خاص حمایت و حفاظت کریگے تو وہ اور بہی وفادار ہوجائینگے (۳) انگلستان کو مسلمان رعایا کی حفاظت مذہبی کے لئے مقتضاے قاعدہ مساوات سے کچہہ بڑہکر کرنا چاہیے (۴) آیندہ مسلمانون کی حمایت مین بے پرواہی کرنا انکو مخالف بنا لینا ہے (۵) حج کا انتظام امن گورنمنٹ کا فوری فرض ہے اسمین کوتاہی کرنیسے تہہ انکی حفاظت کا دعوی ایک فضول امر ہے (۶) سرحد مکہ اور مدینہ مین جانیوالون کو سخت تکلیفات پیش آتی ہین جنکے دفع و تدارک مین گورنمنٹ نے بے پرواہی اختیار کر رکہی ہے۔ آیندہ بہی اسکی